پیرنٹ پارٹنرشپ سروس (والدین کے اشتراک کی خدمت)

دستوری تشخیص

دستوری تشخیص کا مطالبہ کرنا

کچھ معاملات میں مقامی انتظامیہ یہ فیصلہ کرسکتی ہے کہ آپ کے بچے کی ضروریات کی تشخیص لازمی ہے۔ اس کی وجہ درج ذیل ہوسکتی ہے:

- اسکول ایکشن پلان آپ کے بچے کو درکار ضروریات پہلے سے ہی فراہم کر رہا ہے؛ یا
- آپ کے بچے کی دشواریوں کی سطح کا اظہارکرنے کا معقول ثبوت نہیں ہے۔

زیادہ تر بچوں کے لئے، دستوری تشخیص کا مطالبہ کرنے کا درست وقت وہ ہوتا ہے جب اسکول نے اسکول ایکشن اور اسکول ایکشن پلس کے توسط سے پہلے ہی مدد فراہم کردی ہے اور یہ واضح ہوگیا ہے کہ ابھی بچے کو مزید مدد کی ضرورت ہوگی۔

شدید، پیچیدہ اور طویل مدتی ضروریات والے بچوں کی ایک بہت ہی مختصر تعدادکے لئے، اسکول ابتدائی مرحلے میں ہی دستوری تشخیص کرنے کوکہہ کرسکتا ہے کیونکہ ظاہر سی بات ہے کہ اضافی مدد لازمی ہوجائے گی۔

اسکول کی درخواست

اسکول مقامی انتظامیہ سے دستوری تشخیص کے لئے کہنے سے پہلے آپ سے رابطہ کرے گا۔ آپ کا بچہ اسکول ایکشن پلس کی مدد کے سہارے جس طرح سے پیشرفت کر رہا ہے اس کے بارے میں اگر اسکول کو تشویش لاحق ہو تو وہ دستوری تشخیص کرنے کوکہہ کرسکتا ہے۔ اگر مقامی اسکول دستوری تشخیص کی درخواست کرتا ہے تو، مقامی انتظامیہ آپ کو خط لکھ کر معلوم کرے گی کہ آیا آپ راضی ہیں، اور آیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کے بارے میں معلومات آپ کو بھیج دی جائیں۔

پرورش سے متعلق درخواست

یہ کتابچہ آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرے گا کہ آپ اور آپ کے بچے کے لئے دستوری تشخیص کا کیا مطلب ہے۔

ان سلسلے وارکتابچوں میں پیش کردہ تصاویر ویسٹ فیلڈ مڈل اسکول، بیڈ فورڈ، کے بچوں کی بنائی ہوئی ہیں۔

تعارف

خصوصی تعلیم ضروریات والے زیادہ تر بچوں کو اسکول ایکشن اور اسکول ایکشن پلس سے اپنی درکار ضروریات میں مدد مل جائے گی، کیونکہ ان کی ضروریات پوری کرنے کے لئے اسکولوں کو ان کے بجٹ میں اضافی بھتہ دیا جاتا ہے۔ تاہم، بچوں کی ایک بہت مختصر سی تعدادکے لئے، دستوری تشخیص لازمی ہوسکتی ہے۔

دستوری تشخیص وہ ہوتی ہے جب مقامی انتظامیہ آپ کے بچے کی آموزشی دشواریوں پر بغور نگاہ ڈالتی ہے۔ وہ آپ کے بچے کے بارے میں آپ سے، اساتذہ سے، اور دیگر پیشہ ور افراد سے رپورٹیں تحریرکرنے کوکہتے ہیں۔

مقامی انتظامیہ کو یہ رپورٹ موصول ہوجانے اور وہ اس پر نگاہ ڈال لینے کے بعد، حوالہ جاتی پینل (ریفرلس پینل) فیصلہ کرے گا کہ آیا یہ معلوم کرنے کے لئے آپ کے بچے / بچی کی تشخیص کی جائے کہ انہیں کسی اسٹیٹمنٹ کی ضرورت ہے۔آپ کو اس کتابچے کی پشت پر تشخیص کے طریق کارکے بارے میں ایک پیمانہ وقت مل جائے گا۔

مقامی انتظامیہ کا فیصلہ

حوالہ جاتی پینل کی جانب سے ان تمام باتوں پر غور کرلینے اور اپنا فیصلہ صادر کردینے کے بعد، مقامی انتظامیہ آپ کو یہ بتانے کے لئے خط لکھے گی کہ آیا آپ کے بچے کی ضروریات کی دستوری تشخیص کریں یا نہ کریں۔ وہ اس بات کا فیصلہ کرسکتے ہیں کہ:

- اسکول ایکشن پلس میں دستیاب تعاون آپ کے بچے کی خصوصی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لئے بدستور جاری رہے گا۔ اس صورت میں فیصلہ یہ ہوگا کہ وہ دستوری تشخیص کی سمت میں کوئی پیشقدمی نہیں کریں گے؛ یا

کہ انہیں آپ کے بچے کی خصوصی تعلیمی ضروریات کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات درکار ہے۔ ایسی صورت میں مقامی انتظامیہ دستوری تشخیص پر پیشقدمی کرے گی۔

یاد رکھیں

اگر مقامی انتظامیہ دستوری تشخیص سے متعلق آپ کی درخواست خارج کردیتی ہے تو، آپ پھر بعد میں کسی وقت اس کی کوشش کرسکتے ہیں۔

اپیل کا حق

اگر آپ مقامی انتظامیہ کے فیصلے سے خوش نہیں ہیں تو، ہم آپ کو مقامی انتظامیہ اور / یا پیرنٹ پارٹنرشپ سروس میں آکر اپنے ساتھ بات چیت کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

اگر مقامی انتظامیہ کے ساتھ آپ کی بات چیت ہوجانے کے بعد بھی وہ دستوری تشخیص کرنے سے انکارکردیتی ہے تو، آپ کو خصوصی تعلیمی ضروریات اور معذوری سے متعلق ٹریبونل (SENDIST) میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ SENDIST کے متبادل کے طور پر، آپ کسی طرح کے عدم اتفاق یا تنازعات کو حل کرنے کے لئے ثالثی کی خدمت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ اپیل کرنے اور ثالثی کرانے پر بھی غور کرسکتے ہیں۔



حوالہ جاتی پینل

والدین یا نگراں کی حیثیت سے، آپ مقامی انتظامیہ سے اپنے بچے کی دستوری تشخیص کرنے کا بھی مطالبہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ اسکول ایکشن پلس کے توسط سے آپ کے بچے کی ضروریات پوری نہیں ہورہی ہیں تو سب سے پہلے بچے کے اسکول سے بات کرلینا سب سے اچھا خیال کیا جاتا ہے۔ آپ پیرنٹ پارٹنرشپ آفس (ٹیلیفون: ٤٣٢١٠ ٣٥٣٦١٣) سے بھی بات کرسکتے ہیں جو دستوری تشخیص کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتا ہے۔

مقامی انتظامیہ دستوری تشخیص کی درخواست مل جانے پر، اسکول سے اور آپ سے دونوں ہی جگہ سے معلومات حاصل کرے گی۔ ایجنسیوں جیسے صحت اور سوشل سروس سے موصول رپورٹوں سمیت، اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی معلومات سے آپ کی درخواست میں مدد مل سکتی ہے تو اسے بھیج سکتے ہیں۔

وہ یہ فیصلہ کرنے کے لئے ایک حوالہ جاتی پینل تیارکریں گے کہ آیا دستوری تشخیص لازمی ہے۔

حوالہ جاتی پینل بھی آپ کے بچے کے بارے میں دوسرے پیشہ ور افراد (مثال کے طور پر، ڈاکٹرز یا تخصص یافتہ اساتذہ) سے معلومات فراہم کرانے کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

حوالہ جاتی پینل حاصل شدہ معلومات پر اپنے فیصلے کی بنیاد رکھے گا۔

دستوری تشخیص ضروری ہے یا نہیں اس کا فیصلہ کرنے سے پہلے، حوالہ جاتی پینل ٹھوس ثبوت کا منتظر رہتا ہے کہ:

- اسکول نے متعدد بیرونی ایجنسیوں ، جیسے ہیلتھ اتھارٹی اور تعلیمی ماہر نفسیات سے منظوری لے لی ہے اور ان کے مشوروں پر عمل درآمدکیا ہے۔
- اسکول اور ایجنسیاں اسکول ایکشن پلس میں رہتے ہوئے بچے کی خصوصی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے ضمن میں مؤثر طور پرکام کر رہی ہیں:

اسٹیٹمنٹ (بیان)

اگر مقامی انتظامیہ کو لگتا ہے کہ آپ کے بچے کی ضروریات اسکول کے وسائل کے اندر ہی پوری کی جاسکتی ہیں تو، وہ کوئی اسٹیٹمنٹ جاری نہیں کرے گی۔ اس کے بجائے، وہ آپ کو "متبادل نوٹ" بھیجے گی۔

اگر آپ کے بچے یا بچی کو اپنی خصوصی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لئے اضافی بندو بست کی ضرورت ہوگی تو، مقامی انتظامیہ آپ کو مطلع کردے گی۔ وہ آپ کو یہ بھی بتائے گی کہ آیا آپ کو اس مرحلے پر اپیل کرنے کا حق ہے۔ مقامی انتظامیہ آپ کو اس بارے میں تفصیلات بھیجے گی۔

اگر مقامی انتظامیہ کو یہ لگتا ہے کہ آپ کے بچے کو اضافی بندوبست کی ضرورت ہے تو، وہ آپ کو ایک مجوزہ اسٹیٹمنٹ بھیجے گی۔ اس میں آپ کے بچے کی خصوصی ضروریات اور ان طریقوں کی نشاندہی ہونی چاہئے جس طریقے سے اسکول ان کی ضروریات پوری کرے گا۔ اس میں تشخیص کے لئے جمع کردہ تمام رپورٹیں بھی شامل ہوں گی۔

آپ کو مجوزہ اسٹیٹمنٹ کے بارے میں مقامی انتظامیہ کے پاس اپنے خیالات کا اظہارکرنے کے لئے 15 دن کا وقت ہوگا، یا پھر آپ اپنے نامزد آفیسر سے اس معاملے پرگفتگوکرنے کے لئے ایک میٹنگ رکھنے کوکہہ سکتے ہیں۔ آپ اپنے اسکول یا پیرنٹ پارٹنرشپ سروس سے بھی مجوزہ اسٹیٹمنٹ کے بارے میں بات چیت کرسکتے ہیں۔

متبادل نوٹ اور اسٹیٹمنٹ کے بارے میں تفصیل معلوم کرنے کے لئے، براہ کرم 'متبادل نوٹ اور SEN کا اسٹیٹمنٹ' دیکھیں

یاد رکھیں

اگر آپ مجوزہ اسٹیٹمنٹ سے خوش نہیں ہیں تو، آپ کو اپنی تشویشات کے بارے میں مقامی انتظامیہ سے بات کرنا بہت ضروری ہے۔

دستوری تشخیص



اگر مقامی انتظامیہ یہ فیصلہ کرتی ہے کہ دستوری تشخیص کی جائے گی تو وہ آپ کے لئے ایک نامزد آفیسرکا تعیّن کرے گی، جو دستوری تشخیص کے طریق کارکے کسی بھی حصے پر آپ کے ساتھ بخوشی بات کرے گا اور اس کام میں آپ کی مدد کرے گا۔ جب مقامی انتظامیہ آپ کو اپنا فیصلہ سنانے کے لئے خط لکھے گی تو اس میں آپ کو بتائے گی کہ آپ کا نامزد آفیسرکون ہوگا۔

وہ ایک بار پھر آپ سے پوچھیں گے کہ آیا آپ کو ئی اور جانکاری دینا چاہتے ہیں۔

تشخیص کے دوران، مقامی انتظامیہ درج ذیل سے معلومات اکٹھا کرے گی:

- آپ اور آپ کا بچہ؛
- آپ کے بچے کا اسکول؛
- تعلیمی ماہر نفسیات؛
- صحت سے وابستہ پیشہ ور افراد، بشمول کمیونٹی کا معالج اطفال یا حسب مناسبت دیگر پیشہ ور افراد، جیسے شغلی معالج یا مشاہد صحت؛
- سماجی خدمات؛
- آپ کے بچے کے ساتھ مصروف کوئی اور پیشہ ور فرد۔

پیرنٹ پارٹنرشپ سروس آپ کو خط بھی لکھے گی اور آپ کو ایک معلوماتی اجلاس میں طلب کرے گی جہاں کوئی فرد آپ کو دستوری تشخیص کے طریق کارکے بارے میں صراحت کے ساتھ بتائے گا، اور اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو وہ بھی ان سے معلوم کرسکتے

یہ جائزہ آپ کے بچے کی پیشرفت کی نگرانی کرنے اور یہ یقینی بنانے کے لئے لیا جاتا ہے کہ اسٹیٹمنٹ بدستور آپ کے بچے یا بچی کی ضروریات پوری کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لئے براہ کرم "سالانہ جائزہ اور عارضی منصوبہ" دیکھیں۔

پیمانہ وقت

مقامی انتظامیہ درخواست پر غور کرتی ہے اور دستوری تشخیص پر ہاں یا نہیں کا فیصلہ کرتی ہے: (اگر نہیں تو، آپ کو ثالثی یا اپیل کرنے کا حق حاصل ہے)	6 ہفتے
مقامی انتظامیہ تشخیص کرتی ہے اور فیصلہ کرتی ہے کہ آیا: اسٹیٹمنٹ بنایا جائے یا اسٹیٹمنٹ نہ دیاجائے۔ (اگر نہیں تو، آپ کو ثالثی یا اپیل کرنے کا حق حاصل ہے)	01 ہفتے
مقامی انتظامیہ یا تو: مجوزہ اسٹیٹمنٹ جاری کرتی ہے یا اسٹیٹمنٹ نہ جاری کرنے کے اپنے فیصلے کی صراحت کرتی ہے اور متبادل نوٹ بھیجتی ہے۔ آپ کو اسٹیٹمنٹ کے کچھ حصوں یا متبادل نوٹ کے بارے میں ثالثی یا اپیل کرنے کا حق حاصل ہے)	2 ہفتے
مقامی انتظامیہ حتمی اسٹیٹمنٹ بھیج دیتی ہے۔	8 ہفتے
کل = 62 ہفتے	

اسٹیٹمنٹ

اگر آپ مجوزہ اسٹیٹمنٹ سے متفق ہیں تو، آپ کو مجوزہ تاریخ سے آٹھ ہفتے کے وقفے کے اندر حتمی اسٹیٹمنٹ موصول ہوجائے گا۔

اگر آپ کسی اتفاق رائے پر نہیں پہنچ سکے ہیں تو، مقامی انتظامیہ اس اسٹیٹمنٹ کو حتمی شکل دیدے گی۔ آپ SENDIST (خصوصی تعلیمی ضروریات سے متعلق رابطہ کار) کے پاس اپیل کرسکیں گے اور / یا ثالثی کراسکیں گے۔

حتمی اسٹیٹمنٹ کے ساتھ، مقامی انتظامیہ آپ کو اپیل کرنے کے حق کی تفصیل بھیجے گی۔

متبادل نوٹ یا اسیٹمنٹ میں کیا ہے اس کی تفصیل جاننے کے لئے براہ کرم "متبادل نوٹ اور خصوصی تعلیمی ضروریات کا اسٹیٹمنٹ" دیکھیں۔

سالانہ جائزہ

اگر آپ کے بچے کے پاس خصوصی تعلیمی ضروریات کا اسٹیٹمنٹ ہے تو، مقامی انتظامیہ کو کم سے کم ہر 21 ماہ پر اس اسٹیٹمنٹ پر نگاہ ڈالنی چاہئے۔ اس کو سالانہ جائزہ کہا جاتا ہے۔



The Parent Partnership Service
Westfield Middle School
Queens Park, Bedford
MK40 4HW

ٹیلیفون: (01234) 316353
ای میل: parent.partnership@bedscc.gov.uk
ویب سائٹ: www.bedfordshireparentpartnership.co.uk

Bedfordshire
county council